© rasailojaraid.com



مولانا حامد الحق حقانی

مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# دارالعلوم کے شب و روز

**مولانا مدظلہ کے اسفار:** ۲۱ رجنوری ۲۰۱۵ء کو قومی سیرت کونسل کے چیئرمین مولانا نور الحق قادری کی دعوت پر ''سیرت کانفرنس'' اسلام آباد میں شرکت کی اور تفصیلی خطاب فرمایا۔ جس میں دیگر مسالک سے تعلق رکھنے والے علماء کرام اور سیاستدان بھی موجود تھے۔ ☆ اسی روز اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد کے زیر اہتمام دو روزہ قومی کانفرنس بعنوان بین المسالک ہم آہنگی کی آخری نشست کی صدارت کی اور تفصیلی خطاب فرمایا۔ اس موقع پر سینٹر عبدالنبی بنگش، ریکٹر جناب یاسین معصوم زئی سمیت دیگر علمائے کرام موجود تھے۔ ☆ ۲۲ رجنوری کو لاہور میں جمعیۃ علماء اسلام (ف) کے زیر اہتمام ۲۱ ویں ترمیم اور قومی ایکشن پلان پر تحفظات کے حوالے سے منعقد ہونے والے کل جماعتی کانفرنس میں شرکت کی اور خطاب فرمایا جس میں تمام مذہبی اور سیاسی قائدین شریک تھے۔ ☆ ۲۳ رجنوری کو مال روڈ لاہور میں مسجد شہداء میں نماز جمعہ پڑھایا اور توہین آمیز خاکوں کے خلاف احتجاج اور پریس کانفرنس کی۔ اس موقع پر جمعیۃ علماء اسلام کے سینکڑوں کارکنان موجود تھے۔

**شاہ عبداللہ مرحوم کی تعزیت:** ۲۸ رجنوری کو سعودی سفارت خانے اسلام آباد تشریف لے گئے اور خادم الحرمین الشریفین شاہ عبداللہ مرحوم کے انتقال پر تعزیت کی اور اپنے تعزیتی تاثرات تحریر کیے۔ دارالعلوم میں شاہ مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی گئی، حضرت مہتمم نے نئے فرمانروا شاہ سلمان، امیر مقرن، امیر محمد بن نائف، شیخ عبداللہ المحسن الترکی، شیخ محمد سعد الدوسیری اور دیگر حضرات کو تعزیتی پیغامات بھیجے۔

**دارالعلوم میں مہمانوں کی آمد:** ☆ مولانا قاضی فضل اللہ فاضل دارالعلوم حقانیہ، کیلیفورنیا امریکہ سے تشریف لائے، حضرت مہتمم صاحب سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور مولانا محمد ابراہیم فانی مرحوم کی تعزیت کی اور بعد میں ایوان شریعت ہال میں طلبہ سے خطاب بھی فرمایا۔ ☆ ۳۱ رجنوری ۲۰۱۵ء کو برطانیہ کے معروف اخبار ''ڈیلی گارڈین'' کے پاکستانی نمائندے جان بون تشریف لائے، اور حضرت مدظلہ صاحب نے ان کو حالات حاضرہ کے حوالہ سے تفصیلی انٹرویو لیا۔ ☆ ۲۸۔ جنوری ۲۰۱۵ء کو سابق جنرل اور معروف کتاب ''خاموشی کب تک'' کے مصنف جناب شاہد عزیز مولانا ناصر زیب حقانی کی معیت میں دارالعلوم تشریف لائے اور مہتمم صاحب سے ان کی رہائش گاہ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ ☆ میرپور سندھ کے مولانا احسان اللہ صاحب گھمبیر مہتمم جامعہ ابن عباس حمادیہ (واقع ٹھیڑھی بائی پاس) گزشتہ دنوں اپنے ساتھیوں جس میں مولانا محمد رحیم فاضل حقانیہ اور مولانا

© rasailojaraid.com